# منصب کے اموراوراہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SQ/02 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ(Workplace) | صوبہ | شعبہ(Department) | قافلہ |
| منصب(Designation) | صوبائی ذمہ دار | جوابدہ(Report to) | نگران مجلس |
| کام(Function) | عاشقانِ رسول کو 3 دن، 12 دن، 1 ماہ اور 12 ماہ کے قافلوں میں سفر کروانا | ماتحت اسٹاف<br>(Subordinate Staff) | ڈویژن تا ذیلی ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا، تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا اور تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا نیز ذمہ داران کے واٹس ایپ گروپ اپڈیٹ رکھنا۔
5. 3 دن کے قافلوں میں سفر کرنا اور 12 ماہ، 1 ماہ، 12 دن اور 3 دن کے قافلے تیار کرنا/کروانا نیز ان قافلوں کو طے شدہ سمتوں (Directions) پر سفر کروانا۔
6. دارالسنہ اور قافلوں کے جدول میں شرکت کرنا اور دورانِ قافلہ آنے والے جملہ مسائل حل کروانے کے نظام کو مضبوط کرنا۔
7. قافلے میں جانے کے لیے نیتیں نیت ایپلیکیشن میں اپڈیٹ کروانا اور ذمہ داران کے ذریعے سفر کروانا۔
8. امیر قافلہ کورس، 26 دن کا قافلہ کورس اور 26 گھنٹے کی تربیتی نشستیں کروانا اور اس میں شرکت کرنا۔
9. بااثر افراد کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوتِ اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/کروانا۔
10. علاقائی دورہ/ایک دن راہِ خدا میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کو طے شدہ سمتوں/مقامات پر سفر کروانا۔
11. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق قافلوں میں سفر کرنے والے اجیر اسلامی بھائیوں کے اجارے شعبہ قافلہ میں ٹرانسفر کروانا اور قافلوں کے اخراجات کو مینج کروانا۔
12. بڑی راتوں کے اجتماعات میں شعبے کا بستہ (Stall) لگوانا۔
13. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/کروانا۔
14. شعبے کے ایس او پیز اور جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا اور تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ وہفتہ وار کارکردگیاں جمع کرنا، چیک کرنا، جائزہ لینا اور کمزوری پر ذمہ داران کو ترقی کی ترغیب دلانا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹرا کروانا۔
17. صوبہ سطح پر شعبہ جات کے ذمہ داران سے قافلوں کی کارکردگی لینا، جائزہ لینا اور رپورٹ اپنے نگران کو سینڈ کرنا۔
18. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
19. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** کم از کم مڈل یا ایم۔ایس۔آفس یا دعوتِ اسلامی کے تنظیمی سافٹ ویئر کی معلومات
- **دینی تعلیم:** ناظرہ قرآن پاک یا 26 دن قافلہ کورس کیا ہو یا 12 دینی کام کورس کیا ہو، امیر قافلہ بننے کی صلاحیت، اذکار نماز و مسائل نماز ٹیسٹ پاس ہو
- **تجربہ:**۔درس نظامی کیا ہو یا 12 ماہ کا قافلہ کیا ہو یا دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں میں کم سے کم صوبائی سطح کا تجربہ ہو یا تبلیغی شعبہ جات میں سے کسی شعبہ میں 6 سال سے زائد کا تجربہ ہو۔
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Conceptual Skills, Rapport-building, Decision-making, Creativity, Problem-solving

## اپنی دنیا اور آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کرنا نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔